قانون ساز اسمبلی:

صدر مشرف نے گذشتہ ماہ دورہ گلگت کے موقع پر شمالی علاقہ جات کی قانون ساز کونسل کو قانون ساز اسمبلی ڈپٹی چیف ایگزیکٹو کو چیف ایگزیکٹو اور چیف ایگزیکٹو کو چیئرمین شمالی علاقہ جات کا درجہ دینے کا اعلان کر دیا اور یہ خوش خبری سنائی کہ اس اسمبلی کو بجٹ اور تحریک عدم اعتماد پیش کرنے کے اختیارات حاصل ہوگئے ہمیں جناب صدر کی روشن خیال پالیسی سے تو اتفاق نہیں مگر شمالی علاقہ جات کے لئے ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔

ختنہ اور ایڈز

عن ابی هریرة عن النبی ﷺ (قال: الفطرة خمس الختان و الاستحداد وتقليم الأظفار ونتف الابط وقص الشارب) (مسلم كتاب الطهارة خصال الفطرة) ''امین علوم نبوت حضرت ابوہریرۃ نبی اکرم ﷺ کا ارشاد روایت کرتے ہیں فطرت کے پانچ (مظاہر) ہیں: (۱) ختنہ کرنا (۲) زیر ناف صفائی کرنا (۳) ناخن تراشنا (۴) بغل کے بال اکھیڑنا (۵) مونچھیں کاٹنا۔''

اسلامی اصول معاشرت سے بغاوت کے نتیجے میں نبوی پیشگوئی کے مطابق لاعلاج بیماریاں پھیل رہی ہیں اور سائنسدان تدارک کے اسباب کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔ گزشتہ 20 سالوں کی تحقیق سے ایڈز سے بچاؤ میں ختنہ کی افادیت کے واضح شواہد ملے ہیں۔ اقوام متحدہ کے ایڈز پروگرام کے ادارے (VNAIDS) اور عالمی ادارہ صحت (W.H.O) کے تحت 6 تا 8 مارچ 2006 کو سوئزرلینڈ میں اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں 70 عالمی ماہرین اور این جی اوز کے نمائندوں نے تجاویز پیش کیں۔ VNAIDS کے ڈائریکٹر کیون ڈی کاک کا تجزیہ ہے: ''مردوں میں ختنہ ایڈز سے بچاؤ میں بڑا مؤثر ہے۔ اس کی افادیت 60 فیصد تک ہے۔''

سائنسی تجربات رفتہ رفتہ اسلام کے ایک ایک حکم کے دنیوی وجسمانی فوائد پر مہر تصدیق ثبت کر رہے ہیں اور جن جن اسلامی حقائق کو مشاہداتی علم سے متصادم تصور کیا جا رہا ہے ان تمام میں بھی دین حق کے پیش کردہ حقائق کو تجربات سے ثابت کیے بغیر تجربات ومشاہدات سے حاصل ہونے والا علم درجہ کمال کو ہرگز نہیں پہنچ سکتا۔ (بشکریہ ماہنامہ گلوبل سائنس۔ نومبر 2007)